الخصائص الکبریٰ

جلد دوم

مصنّف

علامہ امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ

ترتیب و تدوین

مولانا عبدالاحد قادری

ممتاز اکیڈمی لاہور

صلی اللہ علیہ وسلم

الخصائص الکبریٰ

مصنّف

علامہ امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ

ترتیب و تدوین مولانا عبد الاحد قادری

جلد دوم

ممتاز اکیڈمی

فضل الٰہی مارکیٹ چوک اُردو بازار لاہور

نام کتاب: الخصائص الکبریٰ (جلد دوم)

مصنف: حضرت علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ

ترتیب وتدوین: مولانا محمد عبدالاحد قادری

پروف ریڈنگ: محمد فاروق صدیقی

صفحات: 576

ہدیہ:

با اہتمام شکیل ممتاز

ناشر: ممتاز اکیڈمی۔ فضل الٰہی مارکیٹ

چوک اردو بازار لاہور

فون نمبر: 7223506-7230718

نوٹ

قارئین سے درخواست ہے کہ ہماری تمام تر کوشش (اچھی پروف ریڈنگ، معیاری پرنٹنگ) کے باوجود اس بات کا امکان ہے کہ کہیں کوئی لفظی غلطی یا کوتی اور خامی رہ گئی ہو تو ہمیں مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں اس غلطی یا خامی کو دُور کیا جائے۔ شکریہ!

(ادارہ)

حضرت سعید بن المسیب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں ہمیشہ نبی کریم ﷺ کی قبر انور سے واقعہ حرہ کے دنوں میں اذان واقامت کی آوازیں سنتا تھا۔ یہاں تک کہ لوگ واپس آئے۔

﴿زبیر بن بکار اخبار مدینہ﴾

انبیاء کرام اپنی قبروں میں زندہ ہیں:

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: انبیاء کرام علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور نماز پڑھتے ہیں۔

﴿ابویعلیٰ، بیہقی﴾

قاضی اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ حضرت بکر بن عبداللہ قرنی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میری حیات بھی تمہارے لیے بہتر ہے اور میری وفات بھی تمہارے لیے بہتر ہے۔

میرے حضور میں تمہارے اعمال پیش کیے جاتے ہیں تو جس کے عمل اچھے ہوتے ہیں اس پر میں اللہ تعالیٰ کی حمد کرتا ہوں اور جس کے عمل برے ہوتے ہیں تو میں تمہارے لیے استغفار کرتا ہوں۔

۞ (بزار رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل روایت کی ہے۔)

﴿الحارث مسند ابن سعد﴾

واقدی رحمۃ اللہ علیہ نے شبلی بن العلاء رضی اللہ عنہ سے انہوں نے ان کے والد سے روایت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نبی کریم ﷺ نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا جب میں فوت ہو جاؤں تو تم ''انا للہ وانا الیہ راجعون'' کہنا۔ اس لیے کہ ہر انسان کیلئے اس کلمہ کے عوض ہر مصیبت کا بدلہ دیا جاتا ہے۔

﴿ابن سعد﴾

حضرت عطا بن ابی رباح رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو کوئی مصیبت پہنچے تو اسے چاہیے کہ اپنی مصیبت کو میری مصیبت کے ساتھ یاد کرے کیونکہ میری مصیبت ''اعظم المصائب'' ہے۔

﴿ابن سعد﴾

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نبی کریم ﷺ نے دروازہ کا پردہ اٹھا کر لوگوں کو دیکھا کہ وہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھ رہے ہیں۔ یہ حال دیکھ کر آپ خوش ہوئے اور فرمایا: الحمدللہ۔ کوئی نبی اس وقت تک فوت نہ ہوا جب تک کہ اس کی امت کے کسی آدمی نے اس کی امت کی امامت نہ کی ہو۔

۞ اس کے بعد لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا:

''اے لوگو! میرے بعد تم میں سے کسی کو کوئی مصیبت پہنچے تو اسے چاہیے کہ اس مصیبت کے ساتھ جو مجھے پہنچی ہے اپنی اس مصیبت کا موازنہ کر کے صبر کرے اس لیے کہ میرے بعد میری امت کے کسی آدمی کو ایسی مصیبت ہرگز نہ پہنچے گی جیسی مجھے مصیبتیں پہنچتی ہیں۔''

﴿طبرانی اوسط﴾